مرکب نبض

قانون مفرد اعضاء

کے مطابق

TIBI NAYAB VIDEOS

مرکب نبض

(۱)اعصابی عضلاتی... بطی متفاوت

مزاج: ترسرد تری 75% سردی 25% تحریک: دماغ واعصاب کی مشینی تحریک

خلط: بلغم خالص خادم: حکم رساں اعصاب تیز ہوجاتے ہیں رنگت: آسمانی سفیدی مائل

جذبات: لذت صحت کی نبض: دودھ کے بعد کا زمانہ ذائقہ: پھیکا قارورہ: سفید

(۱) مقام نبض: منخفض (نیچے)... ہڈی کے قریب

(۲) مقدار نبض: قصیر (چھوٹی)... پہلی دو انگلیوں تک

(۳) حجم نبض: عریض (چوڑی)... نصف پورے سے زیادہ

(۴) رفتار نبض: بطی (سست)

(۵) قرع (ٹھوکر) نبض: ضعیف (کمزور)

(۶) قوام نبض: لین (نرم)

انگلیوں کو انتہائی دبانے پر کلائی کے پاس ہڈی کے قریب پہلی دو انگلیوں پر نبض محسوس ہوگی...

یہ نبض اعصابی غدی کی نسبت تیز ہوگی... پانی سے بھری ہوئی دبانے سے دب جائے...

ڈھیلی رسی کی طرح اِدھر اُدھر ہوسکتی ہے... بعض حالتوں میں یہ نبض اوپر ہوتی ہے...

(۲) عضلاتی اعصابی...سریع متفاوت

مزاج: خشک سرد خشکی 75% سردی 25% تحریک: قلب وعضلات کی کیمیاوی تحریک

خلط: خام سوداء (ریاح) خادم: ارادی عضلات تیز ہوجاتے ہیں رنگت: بینگنی سیاہی مائل

جذبات: غم صحت کی نبض: بڑھاپا ذائقہ: ترش کھٹا قارورہ: ہلکا سرخ

(۱) مقام نبض: مشرف (اوپر) کلائی پر ہاتھ رکھتے ہی محسوس ہو

(۲) مقدار نبض: معتدل...بغیر دبائے پہلی دوسری انگلیوں تک

(۳) حجم نبض: جسمی طور پر قدرے موٹی...

(۴) رفتار نبض: سریع (تیز)

(۵) قرع نبض: قوی

(۶) قوام نبض: صلب (سخت) ریاح سے پُر...تنی ہوئی...

انگلیوں کو بغیر دبائے...پہلی دو انگلیوں کے نیچے حرکت کرے...اور باقی انگلیوں کے نیچے حرکت نہ کرے...رفتار میں تیز...ریاح سے پُر...جسمی طور پر قدرے موٹی...

ہاتھ رکھتے ہی نبض محسوس ہوتی ہے...

(۳)عضلاتی غدی...سریع متواتر

مزاج: خشک گرم خشکی 75% گرمی 25% تحریک: قلب وعضلات کی مشینی تحریک

خلط: خالص سوداء (ریاح) خادم: غیر ارادی عضلات تیز ہوجاتے ہیں رنگت: سرخی زردی مائل

جذبات: مسرت صحت کی نبض: جوان مرد ذائقہ: کڑوا تلخ قارورہ: سرخ زردی مائل

(۱) مقام نبض: مشرف (اوپر)

(۲) مقدار نبض: معتدل...تین انگلیوں تک...

(۳) حجم نبض: جسمی طور پر پتلی

(۴) رفتار نبض: سریع (تیز)...سب سے تیز...

(۵) قرع نبض: قوی...جلدی جلدی...

(۶) قوام نبض: صلب (سخت)

انگلیوں کو دبائے بغیر پہلی دوسری تیسری انگلیوں تک حرکت کرے...اور باقی انگلیوں کے نیچے حرکت نہ کرے...حرکت میں انتہائی تیز...جسمی طور پر پتلی اور باریک معلوم ہوتی ہے...

شریانوں میں سکیڑ کی وجہ سے سخت ہوتی ہے...اِدھر اُدھر حرکت نہیں کرسکتی...

(۴)غدی عضلاتی...متواتر سریع

مزاج: گرم خشک گرمی 75% خشکی 25% تحریک: جگر وغدد کی کیمیاوی تحریک

خلط: خام صفراء خادم: غدد جاذبہ تیز ہو جاتے ہیں رنگت: نارنجی تیز پیلا

جذبات: غصہ صحت کی نبض: جوان عورت ذائقہ: چرپرا قارورہ: زرد سرخی مائل جلن کے ساتھ

(۱) مقام نبض: معتدل (درمیانہ) انگلیوں کو ہلکا سا دباؤ دینے پر محسوس ہو

(۲) مقدار نبض: طویل (لمبی) چار انگل سے تین انگل تک

(۳) حجم نبض: معتدل (درمیانی) نصف پورے تک

(۴) رفتار نبض: معتدل (درمیانی)

(۵) قرع نبض: معتدل (درمیانی)

(۶) قوام نبض: معتدل (درمیانی)

انگلیوں کو درمیانہ دباؤ دینے پر نبض چار انگلیوں تک حرکت کرے...عضلاتی غدی کی نسبت گہرائی میں جانا شروع ہو جاتی ہے...حرکت میں قدرے تیز...

(۵)غدی اعصابی...متواتر بطی

مزاج: گرم تر گرمی 75% تری 25% تحریک: جگر وغدد کی مشینی تحریک

خلط: خالص صفراء خادم: غدد نا قلہ تیز ہو جاتے ہیں رنگت: پیلا ہلکا سفیدی مائل

جذبات: ندامت صحت کی نبض: حیض وولادت کا زمانہ ذائقہ: نمکین

قارورہ: زرد سفیدی مائل

(۱) مقام نبض: معتدل (درمیانی) انگلیوں کو ہلکا سا دباؤ دینے پر محسوس ہو

(۲) مقدار نبض: طویل (لمبی) پہلی دوسری تیسری انگلی تک

(۳) حجم نبض: معتدل (درمیانی) نصف پورے تک

(۴) رفتار نبض: معتدل (درمیانی)

(۵) قرع نبض: معتدل (درمیانی)

(۶) قوام نبض: معتدل (درمیانی)

انگلیوں کو درمیانہ دباؤ دینے پر نبض پہلی دوسری تیسری انگلیوں تک حرکت کرے...

رطوبت کی وجہ سے قدرے موٹی ہوگی...حرکت میں قدرے سست...

(۶)اعصابی غددی...بطی متواتر

مزاج:ترگرم تری75% گرمی25% تحریک:دماغ واعصاب کیمیاوی تحریک

خلط:خام بلغم خادم: خبررساں اعصاب تیز ہوجاتے ہیں رنگت:سفید ہلکا زردی مائل

جذبات:خوف صحت کی نبض:دودھ کا زمانہ ذائقہ:میٹھا قارورہ:سفید زردی مائل

(۱)مقام نبض:منخفض (نیچے)...ہڈی کے قریب

(۲)مقدار نبض:قصیر (چھوٹی)...پہلی انگلی تک

(۳)حجم نبض:عریض (چوڑی)...مکمل پورے پر

(۴)رفتار نبض:بطی (انتہائی سست)

(۵)قرع (ٹھوکر) نبض:ضعیف (کمزور)

(۶)قوام نبض:لین (نرم)...پلپلا

انگلیوں کو انتہائی دبانے پر کلائی کے پاس ہڈی کے قریب پہلی انگلی پر نبض محسوس ہوگی...یہ نبض اعصابی عضلاتی کے مقابلہ میں چوڑی زیادہ ہوگی...پانی سے بھری ہوئی دبانے سے گم ہوجائے ...

ہماری دیگر ایپس کو آزمائیں









School Of Quran Academy Online Quran Teaching



Visit: www.eislamicbook.com/faizan-e-islam-quran-academy

WhatsApp: +92-321-5083475